12523-تعدد کی شروط کیا ہیں

سوال

وہ کون سی شروط ہیں جن کی موجودگی میں مرد کے لیے ایک سے زیادہ شادیاں کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

ایک سے زیادہ شادیاں کرنا مطلوب ہے لیکن اس کے لیے مندرجہ ذیل شرط ہے کہ :

انسان کے پاس مالی ، بدنی ، اور بیویوں کے مابین عدل وانصاف کرنے کی طاقت وقدرت ہو توپھر وہ دوسری شادی کرسکتا ہے ۔

اس لیے کہ تعدد زوجات سے ان عورتوں کی حفاظت ہوگی جن سے شادی کی جائے ، اور پھر اس میں لوگوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تعلق بھی بڑھے گا ، اور کثرت اولاد بھی ہوگی جس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے فرمان میں اشارہ کیا ہے کہ :

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :

(تم زیادہ محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی عورتوں سے شادی کرو) ۔

اوراس کے علاوہ بھی بہت سی مصلحتیں اور حکمتیں ہیں ، لیکن اگر انسان ایک سے زیادہ شادیاں فخر اور پھر چیلنج کی بنا پر کرے تو یہ اسراف میں شامل ہوتا ہے جس سے منع کیا گیا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور اسراف وزیادتی سے کام نہ لو یقینا اللہ تعالی اسراف اور فضول خرچی کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا}۔ .